# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
## EXAMINATION 2019, GRADE- 8
## URDU PART - B (Subjective Type Paper)

**MODEL PAPER**

**Part- A:48 Marks, Part- B:52 Marks,Total:100 Marks**

| Student Name (in Capital Letters) | |
|---|---|

| Roll Number (In Figures) | | | - | | | | - | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

Signature of Dy.Superintendent(CNIC):__________________

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

| Q.No. | Marks | Signature of Sub Examiner | Signature of Assistant | Signature of H.E |
|---|---|---|---|---|
| 33 | | | | |
| 34 | | | | |
| 35 | | | | |
| 36 | | | | |
| 37 | | | | |
| 38 | | | | |
| Total | | | | |

For Official Use Only

**عمومی ہدایات:**

ا) غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب تحریر کریں۔

۲) ایک سوال ایک یا ایک سے زیادہ حصوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

۳) ہر سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ کو جواب دینے کے لیے استعمال کریں۔ لکھنے کے لیے کوئی اضافی صفحہ نہیں دیا جائے گا۔

۴) لکھنے کے لیے کالی یا نیلی روشنائی استعمال کریں۔ کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

| کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ | اُردو (حصہ ب) انشائی طرز کے سوالات | کل: 52 نمبر |
|---|---|---|

سوال نمبر 33- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر پر دی گئی ہدایت کے مطابق اپنی رائے تحریر کریں۔ (8 نمبر)

عاصمہ اپنے سکول کی بہترین مقررہ تھی۔ اس نے سالانہ تقریری مقابلے کے لیے مکمل تیاری کر رکھی تھی۔ اسے سکول میں منعقد ہونے والے ان مقابلوں کا شدت سے انتظار تھا۔ آخر کار وہ دن آ ہی گیا۔ وہ تقریری مقابلے میں شرکت کے لیے سکول جانے لگی تو اچانک تیز بارش شروع ہو گئی۔ اس کا سکول گھر سے ایک کلومیٹر کے فاصلے پر تھا۔ وہ کسی کسی دن تو پیدل سکول جاتی تھی اور کبھی اس کا بھائی اسے موٹر سائیکل پر چھوڑ آتا تھا۔ وہ تقریری مقابلہ چھوڑنا نہیں چاہتی تھی لیکن پریشان تھی کہ اتنی بارش میں وہ پیدل جائے، بھائی کے ساتھ جائے یا کچھ اور طریقہ اختیار کرے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر آپ عاصمہ کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟ اپنے عمل اور اس کی وجوہات کے بارے میں آٹھ جملے لکھیں:

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

سوال نمبر 34- کمرۂ جماعت کی چھت بارش میں ٹپکتی ہے۔اس کی مرمت کرانے کے لیے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام درخواست لکھیں۔ (8 نمبر)

سوال نمبر 35- درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور اپنے الفاظ میں ہر شعر کی الگ الگ تشریح لکھیں۔ (8 نمبر)

i- اپنا رشتہ ،اپنی منزل ،اپنی دھوپ اور چھاؤں ایک — خوشیاں سانجھی، آنسو سانجھے، نگری گاؤں گاؤں ایک

ii- ایک ہی رستہ ہم سب کا ہے،ہم سب کی ہے منزل ایک — ساگر اور سمندر اپنے ہم سب کا ہے ساحل ایک

..............................................................................................................................................................

سوال نمبر 36- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے مختصر جواب دیں۔ (8 نمبر)

اللہ تعالٰی نے پاکستان کو بے شمار پھلوں سے نوازا ہے۔ان تمام پھلوں میں آم اور کینو کو سب سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔آم کو پھلوں کا بادشاہ بھی کہا جاتا ہے۔صوبہ سندھ کے ساتھ ساتھ پنجاب کے گرم علاقوں میں اس کی پیداوار بہت زیادہ ہے۔آم کی بہت سی اقسام ہیں مثلاً سندھڑی، لنگڑا، چونسا، فجری ااور دوسہری وغیرہ۔یہ آم شکل وصورت اور جسامت میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ آم کی یہ قسمیں اپنا اپنا ذائقہ اور تاثیر رکھتی ہیں۔آم کھانے کے بھی بے شمار انداز ہیں۔کوئی اسے نرم کر کے چوستا ہے، کوئی کاٹ کر کھاتا ہے اور کوئی اسے چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے چمچ اور کانٹے کی مدد سے کھانا پسند کرتا ہے۔پاکستان میں پیدا ہونے والا کینو دنیا بھر میں مقبول ہے۔پنجاب میں بھلوال اور اس سے ملحقہ علاقے بہترین قسم کے کینو کی پیداوار دے رہے ہیں۔اگرچہ مسمّی، فروٹر اور سنگترہ بھی اسی نسل کے پھل ہیں لیکن ذائقے اور تاثیر کے لحاظ سے کینو اپنی مثال آپ ہے۔اس کے علاوہ آم اور کینو جیسے تمام پھل کسانوں کے روزگار کا بہترین ذریعہ بھی ہیں۔

(الف) پاکستان میں پائی جانے والی آم کی اقسام میں سے کوئی سے دو کے نام لکھیں۔ (2 نمبر)

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

(ب) عبارت کے مطابق آم کھانے کے کون کون سے طریقے ہیں؟ (2 نمبر)

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

(ج) پاکستان میں کینو کی کون کون سی اقسام پائی جاتی ہیں؟ (2 نمبر)

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

(د) بہترین کینو کی پیداوار کے حوالے سے پاکستان کے کون سے علاقے مشہور ہیں؟ (2 نمبر)

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

سوال نمبر 37- اردو شاعری کے متعلق دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کریں جو دس سطروں پر مشتمل ہو۔ (10 نمبر)

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

سوال نمبر 38- آپ کا پسندیدہ موسم کون سا ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار دس جملوں پر مشتمل پیراگراف میں کریں۔ (10 نمبر)